سیّد عابد علی عابد
(کتابیات)
ڈاکٹر عبدالرّؤف شیخ
قتدرہ قومی زبان ۔ اسلام آباد
۱۹۸۷ء

سیّد عابد علی عابد

(کتابیات)

پمفلٹ نمبر ۶۳

مشاہیرِ اردو سلسلہ نمبر ۵

طبع اول : ۱۹۸۷ء

طابع : پیپ بورڈ پرنٹرز (پرائیوٹ) لمیٹڈ،
راولپنڈی

ناشر : ڈاکٹر وحید قریشی
(صدر نشین)
مقتدرہ قومی زبان
شمائلہ اعوان پلازہ
۱۶ ڈی (غربی) بلیو ایریا، اسلام آباد

سیّد عابد علی عابد

(کتابیات)

ڈاکٹر عبدالرؤف شیخ

مقتدرہ قومی زبان ○ اسلام آباد

۱۹۸۷ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

سوانحی خاکہ

نام	:	عابد علی
تخلص	:	عابد
معروف نام	:	سید عابد علی عابد
ولدیت	:	غلام عباس شاہ
تاریخ پیدائش	:	۱۷ ستمبر ۱۹۰۶ء
مقام پیدائش	:	لاہور، کوچہ خراساں۔ حویلی میاں لال
تاریخ وفات	:	۲۰ جنوری ۱۹۷۱ء، لاہور
تعلیم	:	ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ ایم۔ او۔ ایل

ایل۔ ایل۔ بی درجہ اوّل پنجاب یونیورسٹی لاہور ۱۹۲۵ء
ایم۔ اے۔ فارسی درجہ دوم (یونیورسٹی میں دوم)
پنجاب یونیورسٹی لاہور۔ ۱۹۳۰ء

مصروفیات

۱۔ وکالت۔ لاہور اور گجرات میں ۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۸ء مختصر عرصے کے لیے وکیل رہے۔

۲۔ دیال سنگھ کالج لاہور میں ۶ اکتوبر ۱۹۳۰ء سے جز وقتی لیکچرار فارسی مقرر ہوئے۔ اسی کالج میں یکم اکتوبر ۱۹۳۷ء سے مستقل لیکچرار ہوئے۔

مستقل لیکچرار ۱۹۳۷ء تا ۱۹۴۷ء

۳- پرنسپل، دیال سنگھ کالج لاہور ۱۹۴۷ء تا ۱۹۵۴ء

۴- دیال سنگھ کالج میں دوبارہ لیکچرار فارسی کے طور پر کام کیا،

جنوری ۱۹۵۸ء تا فروری ۱۹۵۹ء

۵- مجلس ترقی ادب سے وابستگی اور صحیفہ کی ادارت ۱۹۶۵ء تا ۱۹۷۱ء

سیّد عابد علی عابد کے پردادا، رجب علی ارسطو جاہ غالب کے معاصر تھے۔ غالب کے چند فارسی خطوط ان کے نام ہیں جو "پنج آہنگ" میں شامل ہیں۔ رجب علی مولانا باقر کے شاگرد تھے اور اسی سبب مولانا محمد حسین آزاد سے بھی ان کے قریبی مراسم تھے۔ عابد کے دادا احسن علی پولیس میں اور والد غلام عباس شاہ فوج میں ملازم تھے۔

تعلیم و تربیت لاہور میں ہوئی۔ وہ رنگ محل مشن ہائی سکول میں پڑھتے رہے۔ میٹرک کا امتحان ۱۹۲۱ء میں پاس کیا۔ منشی فاضل (فارسی) اور بی۔اے (صرف انگریزی) کے امتحانات پنجاب یونیورسٹی سے پرائیویٹ امیدوار کی حیثیت میں پاس کیے۔ بی اے (۱۹۲۳ء) کرنے کے بعد لا کالج پنجاب یونیورسٹی لاہور میں داخلہ لیا اور ایل۔ایل۔بی کا امتحان ۱۹۲۵ء میں پاس کیا۔ تقریباً تین سال کے مختصر عرصے کے لیے لاہور اور گجرات میں وکالت کرتے رہے۔ ۱۹۳۰ء میں ایم۔اے فارسی کیا۔

انہوں نے اپنے سکول کے اساتذہ میں سے مولوی عنایت علی اور ماسٹر دیا رام کا ذکر نہایت عقیدت سے کیا ہے۔ لا کالج کے اساتذہ میں سے انہوں نے جسٹس منیر، چوہدری سر ظفر اللہ، مکند لال پوری، رام لال آنند، چوہدری رحیم بخش کا نام نہایت احترام سے لیا ہے۔

ان کے حلقۂ احباب میں پطرس، ایم۔ ڈی تاثیر، صوفی تبسم، عبد المجید سالک اور چراغ حسن حسرت ایسی شخصیات قابلِ ذکر ہیں۔ ان حضرات کی علمی مجلسیں لاہور کی ادبی، علمی اور تہذیبی زندگی کی جان تھیں۔ عابد کا مشرقی مزاج بنانے میں ان شخصیات کا وافر حصہ ہے۔

مولانا تاجور نجیب آبادی کے توسط سے دیال سنگھ کالج لاہور میں ۱۹۳۰ء میں فارسی کے لیکچرار مقرر ہوئے۔ اس عہدے پر وہ ۱۹۴۷ء تک فائز رہے پھر اسی کالج میں ۱۹۵۴ء تک پرنسپل کے عہدے پر مامور رہے۔ اسی عرصے میں انہیں پنجاب یونیورسٹی کی ایم۔اے فارسی اور ایم اے اردو کی جماعتوں کو پڑھانے کا موقع بھی میسر آیا۔

درس و تدریس کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف بھی ان کا محبوب مشغلہ تھا۔ ان کی نگارشات ۱۹۲۲ء میں "شباب اردو" اور "ہزار داستان" میں چھپتی رہیں۔ حکیم احمد شجاع نے ۱۹۲۳ء میں رسالہ "ہزار داستان" کی ادارت سیّد عابد علی عابد

اور ہادی حسین کے سپرد کر دی۔ ۱۹۲۹ء میں مولانا تاجور نجیب آبادی نے "ادبی دنیا" جاری کیا تو انہوں نے عابد کو اس میں نائب مدیر مقرر کیا۔ عابد ابتدا میں افسانے اور ڈرامے کا حصہ مرتب کرتے رہے۔ مکتبہ گل خنداں لاہور نے ایک رسالہ "گل خنداں" جاری کیا۔ عابد ۱۹۵۶ء سے ۱۹۵۹ء تک اس رسالے سے وابستہ رہے۔ اس رسالے کے "انقلاب ۱۸۵۷ء نمبر، ڈرامہ نمبر، افسانہ نمبر، فنون لطیفہ نمبر، تنقید نمبر، غزل نمبر، لاہور نمبر، لطائف و ظرائف نمبر" عابد کے دورِ ادارت کی یادگار ہیں۔ عابد نے ۱۹۵۶ء میں پندرہ روزہ "صادق" کے نام سے ادبی پرچہ نکالا۔

۱۹۵۰ء میں حکومت نے لاہور میں مجلس ترجمہ قائم کی عابد اس سے وابستہ رہے۔ ۱۹۵۴ء میں یہی مجلس، مجلس ترقی ادب بن گئی تو عابد اس کے انتظامی بورڈ میں رکن نامزد کیے گئے اور ۱۹۶۴ء تک اس کے رکن رہے۔ مجلسِ ترقی ادب کے رسالے "صحیفہ" کا اجرا ۱۹۵۷ء میں عابد کی مساعی سے ہی ممکن ہوا۔ وہ ۱۹۵۷ء سے ۱۹۶۲ء تک ایک مقررہ مشاہرہ کے عوض اس رسالے کے اعزازی مدیر رہے۔ ۵ جولائی ۱۹۶۲ء کو وہ مجلسِ ترقی ادب کے شعبہ تصنیف و تالیف میں باقاعدہ ملازم ہو گئے اور اکتوبر ۱۹۶۶ء تک "صحیفہ" کے مدیر رہے۔ ۲۰ جنوری ۱۹۷۱ء تک مجلس ترقی ادب کے لیے تصنیف و تالیف کا کام کرتے رہے۔ ریڈیو کی ادبی نشریات کی بھی روح رواں رہے۔ انہوں نے بہت سے ڈرامے اور فیچر ریڈیو کے لیے لکھے۔ ریڈیائی ناول ان کی اولیات میں سے ہے۔

عابد کی پہلی شادی ۱۹۲۷ء میں ہوئی۔ ۱۹۵۱ء میں دوسری اور ۱۹۵۴ء میں تیسری شادی کی۔ ۱۹۵۴ء میں ان پر دل کا دورہ پڑا۔ ۱۳ جنوری ۱۹۷۱ء کو شدید علالت کے سبب وہ ہسپتال میں داخل ہوئے۔ ۲۰ جنوری ۱۹۷۱ء کو صبح سوا آٹھ بجے ان کا انتقال ہو گیا۔

علم و ادب کی دنیا میں معلم، مترجم، شاعر، نقاد اور ادیب عابد کا نقش ہمیشہ انمٹ رہے گا۔

اوّلین مطبوعہ تحریر

عابد علی عابد کی پہلی مطبوعہ نثری تحریر "احساس" انشائے لطیف کا مرقع ہے جو "شباب اردو" لاہور کے فروری ۱۹۲۲ء کے شمارے میں شائع ہوئی تھی۔ پہلی کتاب "گلہائے بہار" (۱۹۱۲ء) ترجمہ ہے۔ پہلا مطبوعہ افسانہ "نیرنگ خیال" ہے جو "ہزار داستان" لاہور کے ستمبر ۱۹۲۲ء کے شمارے میں چھپا تھا۔

قلمی آثار (مطبوعہ کتب)

(الف) تنقید

(۱) انتقاد (متفرق تنقیدی مضامین جن میں سے چار کا تعلق اقبالیات سے ہے) لاہور،

ادارہ فروغ اردو — طبع اوّل: ۱۹۸۶ء

(۲) اصول انتقاد ادبیات، لاہور، مجلس ترقی ادب۔ — طبع اوّل، ۱۹۶۰ء — طبع دوم، ۱۹۶۶ء

(۳) شعر اقبال، لاہور، بزم اقبال۔ — طبع اول: ۱۹۵۹ء — طبع دوم، ۱۹۷۷ء

(۴) تلمیحات اقبال، لاہور، بزم اقبال۔ — طبع اول: ۱۹۵۹ء

(۵) تنقیدی مضامین، لاہور، مکتبہ میری لائبریری۔ — طبع اوّل: ۱۹۶۶ء

(۶) اسلوب، لاہور، مجلس ترقی ادب۔ — طبع اوّل: ۱۹۷۱ء

(۷) البدیع۔ لاہور۔ مجلس ترقی ادب۔ — طبع اوّل:

(ب) تالیفات/مرتبہ کتب

(۱) موازنہ انیس و دبیر از شبلی نعمانی مرتبہ عابد (۸۲ صفحات پر مشتمل مقدمہ و حواشی)
لاہور، مجلس ترقی ادب۔ طبع اوّل۔ ۱۹۶۴ء

(۲) سوانح مولانا روم از شبلی نعمانی مرتبہ عابد (مختصر حواشی لکھے ہیں اور مندرج اشعار کی تصحیح پر توجہ دی گئی ہے) لاہور، مجلس ترقی ادب۔ طبع اوّل ۱۹۷۱ء

(ج) مقدمے/پیش لفظ/دیباچے

(۱) نقش ارژنگ (مجموعہ کلام جلال الدین اکبر) لاہور، ہزار داستان، طبع اوّل، ۱۹۲۶ء

(۲) مہتاب داغ (مجموعۂ کلام۔ داغ دہلوی۔ ۴۴ صفحات کا مقدمہ انتقاد کے نام سے عابد نے لکھا)
لاہور مجلس ترقی ادب، طبع اوّل، ۱۹۶۲ء

(۳) آرائشِ محفل از میر شیر علی افسوس مرتبہ کلب علی خاں فائق (انتقاد کے عنوان سے ۴۱ صفحات پر مشتمل مقدمہ عابد نے لکھا ہے۔ فورٹ ولیم کالج کے قیام کی غرض و غایت کو واضح کرنے کے ساتھ ساتھ میر شیر علی افسوس کے اسلوب کی منفرد صفات کا تعین بھی کیا گیا ہے۔)
لاہور، مجلس ترقی ادب۔ — طبع اوّل: ۱۹۶۳ء

(۴) خرد افروز از حفیظ الدین احمد (عابد کا مقدمہ ۶۸ صفحات پر مشتمل ہے)

لاہور، مجلس ترقی ادب ۔ طبع اول ۱۹۶۳ء

(۵) ذوق، سوانح اور انتقاد از ڈاکٹر تنویر احمد علوی

(عابد نے اس کتاب پر ۹۵ صفحات کا مقدمہ لکھا اور اس میں دلّی اور لکھنؤ کے دبستانوں سے متعلق اپنا مخصوص نقطۂ نظر واضح کیا۔)

لاہور، مجلس ترقی ادب ۔ طبع اوّل ۱۹۶۳ء

(۶) کلیاتِ نسیم، اصغر علی نسیم دہلوی مرتبہ کلب علی خاں فائق

(عابد نے ۴۰ صفحات کا مقدمہ لکھا) لاہور، مجلس ترقی ادب ۔ طبع اول ۱۹۶۶ء

(۷) کلیاتِ غالب۔ فارسی مرتبہ سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی

(عابد نے "غالب کی شخصیت اور فن" کے عنوان سے ۱۳۷ صفحات کا مقدمہ لکھا)

لاہور، مجلس ترقی ادب ۔ طبع اول: ۱۹۶۷ء

(۸) آئینِ وفا از ڈاکٹر سید صفدر حسین (مرثیے)

(عابد نے "قدرِ سخن" کے عنوان سے ۵ صفحوں کا دیباچہ لکھا جس میں مرثیہ اور جدید مرثیہ کے فن کے حوالے سے ڈاکٹر سید صفدر حسین کی مرثیہ نگاری کے خصائص متعین کیے گئے ہیں)

لاہور، مکتبہ دانش ۔ طبع اول ۱۹۶۵ء

(۹) نسیمِ سحر از نسیم اعظم (اس مجموعۂ کلام کا عابد نے ۴ صفحات کا دیباچہ لکھا)

لاہور، سہیل پبلی کیشنز ۔ طبع اوّل ۱۹۷۰ء

(۱۰) غبارِ تمنا از مرزا محمد منور (اس مجموعہ کلام کا عابد نے ۱۲ صفحات پر مشتمل مقدمہ لکھا اور غزل سے متعلق فکر انگیز خیالات کا اظہار کیا ہے۔ شاید یہ عابد کی آخری تنقیدی تحریر ہے۔)

لاہور، مکتبہ کارواں ۔ طبع اوّل: ۱۹۷۴ء

(۱۱) آتش کدہ، ایم ڈی تاثیر (تاثیر کے مجموعۂ کلام پر ۴ صفحات کا پیش لفظ لکھا ہے۔)

لاہور، ناشر بلقیس تاثیر ۶۔ حسن روڈ لاہور، سال اشاعت، سن ندارد۔

(۱۲) نشانِ راہ از عبدالحمید عدم (شہادتِ حسین سے متعلق منظومات کے اس مجموعہ پر عابد نے دو صفحوں کا پیش لفظ لکھا۔ لاہور، مکتبہ میری لائبریری ۔ طبع اوّل: ۱۹۷۰ء

(۱۳) نقوشِ اقبال مرتبہ محمد حسین عرشی، فیروز دین رازی (پیش لفظ عابد نے لکھا ہے)

لاہور، جہانگیر اینڈ کمپنی اردو بازار، طبع اوّل: ۱۹۵۶ء

(۱۴) سیاست نامہ نظام الملک طوسی مترجمہ مرزا محمد منور (پیش لفظ عابد نے لکھا ہے)

لاہور، مجلس ترقی ادب

(۱۵) شکوہ، جواب شکوہ، اقبال مرتبہ عبداللہ قریشی (تنقید و تجزیہ عابد)

لاہور، آئینہ ادب طبع اوّل: ۱۹۷۰ء طبع دوم: ۱۹۷۵ء

شاعری

۱- شب نگار بنداں، لاہور، مکتبہ اردو طبع اول: ۱۹۵۵ء

۲- بریشم عوُد، لاہور، مکتبہ ادب جدید، طبع اوّل: ۱۹۶۶ء

ناول

۱- چاندنی، لاہور، میسرز عطر چند کپور اینڈ سنز انارکلی، طبع اوّل: ۱۹۴۴ء

۲- شمع لاہور، آئینہ ادب، طبع دوم: ۱۹۷۰ء

۳- دکھ سکھ اور سہاگ، لاہور، اردو اکیڈمی، طبع اول: ۱۹۴۹ء

افسانہ

۱- حجاب زندگی اور دیگر افسانے، لاہور، اردو ہاؤس، طبع اوّل: ۱۹۲۳ء

۲- قسمت اور دوسرے افسانے، لاہور، منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز، طبع اول: ۱۹۳۲ء

(یہ مجموعہ گیارہ افسانوں اور سات تمثیلوں کا ہے، اس مجموعے کے سرورق کے اندر والے صفحے پر اقتباس و ترجمہ کے الفاظ درج ہیں، اس کے اکثر افسانے اور تمثیلیں انگریزی ادب سے ماخوذ ہیں، یوں یہ کتاب عابد کی طبع زاد نہیں)

۳- طلسمات لاہور، ہاشمی بک ڈپو، طبع اوّل، سن ندارد (غالباً ۱۹۳۶ء ہے)

لاہور، ہاشمی بک ڈپو، طبع دوم، سن ندارد۔

ڈرامہ/فیچر

۱- روپ متی اور دہلی میں قتل عام، لاہور، ملک ہاؤس پبلشرز، طبع اوّل: ۱۹۴۱ء

لاہور، ملک ہاؤس پبلشرز ، طبع دوم، سن ندارد

۲۔ شہباز خان، لاہور، ادارہ ادبیات ، طبع اول : ۱۹۵۶ء

۳۔ ید بیضا ، لاہور، ادارہ فروغِ اردو ، طبع اوّل، سن ندارد

نصابی و درسی کتب

۱۔ راہبر ادب مرتبہ سید عابد علی عابد

(جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ نصاب کی کتاب سے متعلق گائیڈ ہے ، اب بالکل نایاب ہے)

لاہور، منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز ، طبع اوّل: ۱۹۳۵ء

۲۔ گرائمر (اردو، انگریزی اور فارسی میں۔ یہ کتاب جے سینگل کی تالیف ہے اور اس پر نظرِ ثانی عابد نے کی ہے)

۳۔ قصائدِ خاقانی (ایم اے فارسی کے طلبہ کے لیے عابد نے مرتب کیے ۔

لاہور، ویسٹ پاک پبلشنگ کمپنی ، طبع اوّل: ۱۹۵۸ء

۴۔ اردو نظمیں (میٹرک کے طلبہ کے لیے اردو نصاب کی کتاب عابد نے مرتب کی تھی)

لاہور، نیشنل ٹیکسٹ بک کارپوریشن ، طبع اوّل: ۱۹۶۰ء

۵۔ ریاضِ ادب مرتبہ ڈاکٹر محمد صادق و سید عابد علی عابد (حصہ غزلیات عابد نے مرتب کیا تھا اور شعراء سے متعلق تنقیدی نوٹ بھی انہوں نے ہی لکھے ۔) لاہور، پنجاب یونیورسٹی ۔ طبع اوّل: ۱۹۶۵ء

۶۔ گنجینۂ ادب (حصہ نظم) (پنجاب یونیورسٹی نے بی۔ اے کے فارسی نصاب کے لیے یہ کتاب عابد سے مرتب کروائی تھی)

لاہور، پنجاب یونیورسٹی ، طبع اول :

تراجم

۱۔ گلہائے بہار دیا ولاموینتگز ای تصنیف It is love that makes the world go round کا آزاد ترجمہ ہے۔ پھولوں کی تخلیق سے متعلق سات دلچسپ دیو مالائی قصے ہیں)

لاہور، دارالتالیف انارکلی ، طبع اول : ۱۹۲۲ء

۲۔ اُما (چیشر جی کے بنگالی ڈرامے کا ترجمہ جو انگریزی متن سے لیا گیا ہوگا)

لاہور، اردو ہاؤس ۔ طبع اول : ۱۹۲۶ء

۳۔ داستان (Aphrodite از پیئر لوئی)

لاہور، ہاشمی بک ڈپو ، طبع اول، ۱۹۴۷ء

لاہور، ہاشمی بک ڈپو، طبع دوم، سن ندارد

لاہور، مکتبہ شاہکار، طبع سوم، سن ندارد

۴۔ بشر ہے کیا کیجیے (امریکی ناول نگار سنکلیر لیوئس کے ناول Dodsworth کا ترجمہ اور تلخیص ہے)

لاہور، ملک سراج دین اینڈ سنز، باشتراک مکتبہ فرینکلن لاہور، طبع اول، ۱۹۵۸ء

۵۔ قیامت کی رات (ناول A night to remember از والٹر لارڈ)

لاہور، گوشۂ ادب انارکلی، باشتراک فرینکلن، طبع اول، ۱۹۵۹ء، طبع دوم، سن نامعلوم طبع سوم، ۱۹۶۹ء

۶۔ بچوں کو ذمہ دار کس طرح بنایا جائے (Developing responsibility in children

کا ترجمہ ہے۔ دو صفحے کا دیباچہ بھی عابد نے لکھا ہے۔ از کانسٹنس۔ جے۔ فاسٹر)

۷۔ بچوں کو نظم و ضبط کا خوگر بنایئے (How to discipline your children از

Dorothy Baruch) لاہور، مقبول اکیڈمی، باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اول، ۱۹۶۴ء

۸۔ بن ماں یا باپ کا کنبہ (The one parent family از Anna.W.M.Wolf)

لاہور، مقبول اکیڈمی، باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اول، ۱۹۶۴ء

۹۔ تعلیم کا عمل (The process of education از جے۔ ایس۔ برونر)

لاہور، کلاسیک، باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اوّل: ۱۹۶۴ء

۱۰۔ ایران قدیم (History of Persian Empire از A.T.Omstead

لاہور، مکتبہ خاور، باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اول، ۱۹۶۲ء

۱۱۔ میراث ایران (پروفیسر اے۔ جے۔ آربری کی مرتبہ کتاب The legacy of Persia کا

ترجمہ اور حواشی متن پر مفید اضافہ ہیں۔)

لاہور، مجلس ترقی ادب، طبع اول: ۱۹۶۲ء

۱۲۔ یہ ہے شمالی افریقہ (Meat North Africa از جان گینتھر)

لاہور، کلاسیک، باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اول، ۱۹۶۰ء

۱۳۔ داستانِ فلسفہ (The story of Philosophy از Will Durant کا دو

جلدوں میں ترجمہ ہے)

لاہور، مکتبہ اردو، باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اوّل سن نامعلوم، طبع دوم: ۱۹۶۳ء

۱۴- نیتھنیل ہاتھارن (سوانح) از ہائی۔ ایٹ۔ اپچ

لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز، طبع اول: ۱۹۶۹ء

۱۵- فنون لطیفہ اور انسان (Arts and the man از اروِن ایڈمن)

لاہور، مقبول اکیڈمی، باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اول: ۱۹۶۴ء

۱۶- مختصر افسانہ امریکہ میں (The American short story) از ڈینفر تھوراس)

لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز باشتراک مکتبہ فرینکلن، طبع اول: ۱۹۶۱ء

۱۷- موجودہ ڈراما امریکہ میں (Recent American Drama از ایلن ڈاؤنر)

۱۸- ایم۔ ایم شریف کے مقالے (Croce's theory of beauty and expressions کا ترجمہ عابد نے کیا اور یہ ان کی کتاب "جمالیات کے تین نظریے" میں چھپا۔ اس کے حواشی میں عابد نے مفید اضافے بھی کیے۔

۱۹- My critique : Croce's theory of art کا ترجمہ (بمعاوضہ دس روپے فی صفحہ) مجلس ترقی ادب نے عابد کے سپرد کیا یہ ترجمہ مکمل نہیں ہوا اور نہ ہی مجلس نے اسے چھاپا ہے۔

غیر مطبوعہ کتب

۱- "البیان" غیر مطبوعہ مسودہ مجلس ترقی ادب کے ریکارڈ میں محفوظ ہے۔ یہ کتاب عابد نے ۶۶-۱۹۶۵ء کے دوران مکمل کرلی تھی۔ یہ مسودہ ۲۶۲ صفحات کا ہے اس کتاب کے مجوزہ خاکے پر ڈاکٹر سید عبداللہ کی رائے لی گئی تھی۔

خاکہ

باب اوّل۔ جزاوّل (مبادیات)

جزو دوم۔ بیان کی تنقید اور نئی تعریف (بیان کے لغوی معانی، فصاحت اور بلاغت، معانی اور بدیع سے اس کا تعلق) البیان۔ متقدمین کی تعریف کا تجزیہ اور نئے انکشافات کے پیش نظر تعریف میں ترمیم کی ضرورت۔

باب دوم۔ نئی تعریف کا تجزیہ اور متعلقہ کوائف (تشبیہ)

ادات یا حروف تشبیہ۔ مباحث متفرقہ۔ تشبیہ کی چند مشہور اقسام تشبیہ تمثیل۔

جز دوم۔ استعارہ۔ استعارے کے بنیادی مباحث۔

تالیف البیان، استعارہ تشبیہ، مجاز مرسل کنایہ کے مباحث

استعارے کے ثانوی مباحث

مجاز مرسل

۲- دیوان صبا (وزیر علی صبا لکھنوی) یہ مسودہ ۱۷۲ صفحات کا ہے اور مجلس ترقی ادب کے ریکارڈ میں محفوظ ہے، متن کی تصحیح کی گئی ہے اور حواشی لکھے گئے ہیں۔ عابد اس پر مبسوط مقدمہ بھی لکھنا چاہتے تھے لیکن مسودہ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس کام کو مکمل نہیں کر سکے۔

۳- قابوس نامہ۔ (ابن عبد المجید اور سعید نفیسی کے نسخوں کے تقابل سے مرتب کیا ہے۔ عابد نے اس نسخے کے تعلیقات و حواشی فارسی میں لکھے ہیں۔ البتہ ۹۶ صفحات کا مبسوط مقدمہ اردو میں لکھا ہے۔ مقدمے میں انہوں نے اس عہد کے تمدنی، تاریخی، سیاسی اور ادبی تناظر میں "قابوس نامہ کی اہمیت کا تعین کیا ہے۔ یہ مسودہ مجلس ترقی ادب کے ریکارڈ میں محفوظ ہے۔)

غیر مطبوعہ دیباچہ

۱- بیاض امین ہاشمی (بچوں کے لئے نظمیں) دیباچہ عابد

(ب) عابد کے غیر مدون مضامین

۱- احساس، شباب اردو، لاہور، فروری ۱۹۲۲ء

۲- ذکی مرحوم، شباب اردو، لاہور، مارچ ۱۹۲۲ء

۳- الیگزنڈر ہیڈلے آزاد، شباب اردو، لاہور، اپریل ۱۹۲۲ء

۴- خواب طفلی، ہزار داستان، لاہور، نومبر ۱۹۲۳ء

۵- عمر خیام اور اس کا عہد، ادبی دنیا، لاہور، جون تا دسمبر ۱۹۳۰ء (۷ اقساط)

۶- سراغ رسانی کے افسانے، چاند، الہ آباد، نومبر دسمبر ۱۹۳۰ء

۷- ادب اور اس کا مطالعہ، ہمایوں لاہور، فروری ۱۹۳۱ء

۸- غالب کی فارسی شاعری، جامعہ، دہلی، ستمبر تا دسمبر ۱۹۳۲ء (۴ اقساط)

۹۔ صنعت اور موسیقی، دیال سنگھ کالج میگزین، لاہور، — مارچ ۱۹۳۲ء

۱۰۔ تنقید شعری، دیال سنگھ کالج میگزین لاہور، — مارچ ۱۹۳۲ء

۱۱۔ اناطول فرانس اور آسکر وائلڈ، ادبی دنیا، لاہور، — مئی ۱۹۳۴ء

۱۲۔ تنقید شعری، دیال سنگھ کالج میگزین لاہور۔ — اکتوبر ۱۹۳۷ء

۱۳۔ اردو ناول (ریڈیو تقریر) دیال سنگھ کالج میگزین لاہور، — فروری ۱۹۳۷ء

۱۴۔ اردو ڈرامہ (امانت اور اندر سبھا)، دیال سنگھ کالج میگزین لاہور۔ — فروری ۱۹۳۸ء

۱۵۔ پریم چند (ریڈیو تقریر) عالمگیر، لاہور، عید قربان، — نومبر ۱۹۳۸ء

۱۶۔ مطابقت الفاظ و معانی، روزنامہ شہباز، لاہور، — ۱۳ نومبر ۱۹۳۹ء

۱۷۔ انتقاد کا منصب (بزبان انگریزی) مجلہ دیال سنگھ کالج لٹریری سوسائٹی، جلد نمبر ۲، — مئی ۱۹۴۵ء

۱۸۔ عرفی بطور قصیدہ گو (بزبان انگریزی) مجلہ دیال سنگھ کالج لٹریری سوسائٹی، جلد نمبر ۳، — ۱۹۴۷ء

۱۹۔ اردو کا ایک سال، نقوش لاہور، آزادی نمبر، ۱۹۴۸ء

۲۰۔ مجھ کو آپ سے شکوہ ہے (ناشرین سے)، ماہ نو کراچی۔ — مارچ ۱۹۴۹ء

۲۱۔ اقبال کا ایک شعر، روزنامہ امروز۔ لاہور۔ — ۲۲ اپریل ۱۹۴۹ء

۲۲۔ پاکستان اور موسیقی، روزنامہ امروز لاہور۔ — ۱۵ اگست ۱۹۴۹ء

۲۳۔ ایک بہتان کی تردید، روزنامہ امروز لاہور، — ۱۲ ستمبر ۱۹۴۹ء

۲۴۔ رومی کا تغزل، مطبوعۂ مقالات یوم رومی، دانش گاہ پنجاب لاہور، — ۱۹۵۰ء

۲۵۔ اصطخری، ہمایوں، لاہور، — جنوری ۱۹۵۰ء

۲۶۔ چند الفاظ کی نئی تحقیق، روزنامہ امروز، لاہور، ایران نمبر، — مارچ ۱۹۵۰ء

۲۷۔ پاکستان میں شاعری کا مستقبل، ادب لطیف، لاہور، سالنامہ — ۱۹۵۰ء

۲۸۔ پاکستان میں کتابوں کی نشر و اشاعت، روزنامہ امروز لاہور، — ۴ اگست ۱۹۵۰ء

۲۹۔ مجھے کس ادب پارے نے زیادہ متاثر کیا، نقوش لاہور، سالنامہ، شمارہ نمبر ۱۵، ۱۶، — دسمبر ۱۹۵۰ء

۳۰۔ فورٹ ولیم کالج کے چند ناول نگار، نقوش لاہور، شمارہ نمبر ۱۷-۱۸ — ۱۹۵۱ء

۳۱۔ ناہید کی داستان، نقوش لاہور، شمارہ نمبر ۱۹-۲۰

۳۲۔ اقبال مطالعے کا اسلوب، روزنامہ آفاق لاہور، — ۱۳ر نومبر ۱۹۵۱ء

۳۳۔ حافظ شیرازی، نقوش لاہور، — جولائی ۱۹۵۲ء

۳۴۔ شیروان اور ملحقہ علاقے، اورینٹل کالج میگزین لاہور، — فروری ۱۹۵۳ء

۳۵۔ اقبال۔ ایک شاعر (بزبان انگریزی) سول اینڈ ملٹری گزٹ لاہور، — ۱۲ر اپریل ۱۹۵۳ء

۳۶۔ عرفی شیرازی، ماہِ نو کراچی، — مئی ۱۹۵۳ء

۳۷۔ افکار و مسائل (صدارتی خطبہ سالانہ اجلاس حلقۂ ارباب ذوق) ادب لطیف، لاہور، — اپریل ۱۹۵۴ء

۳۸۔ اقبال کے کلام میں ساقی کی علامتی اہمیت، ماہ نو، کراچی، — جون ۱۹۵۴ء

۳۹۔ اقبال اور عشق، ماہ نو، کراچی، — جولائی ۱۹۵۴ء

۴۰۔ بیسویں صدی میں ادبی محفلیں، ماہ نو، کراچی — اگست ۱۹۵۴ء

۴۱۔ سخن دہلوی، روزنامہ امروز لاہور، — ۳ر جنوری ۱۹۵۵ء

۴۲۔ غالب کے ایک نئے انتخاب کی ضرورت، روزنامہ آفاق لاہور، — ۳ر جنوری ۱۹۵۵ء

۴۳۔ مولانا محمد علی جوہر، روزنامہ امروز لاہور، — ۱۰ر جنوری ۱۹۵۵ء

۴۴۔ ناظم اور قلق، روزنامہ امروز لاہور، — ۱۴ر جنوری ۱۹۵۵ء

۴۵۔ قیس ہو، کوہکن ہو یا حالی، روزنامہ آفاق لاہور، — ۱۷ر جنوری ۱۹۵۵ء

۴۶۔ لاہور کی چند ادبی شخصیتیں، نقوش لاہور، شمارہ نمبر ۴۷۔۴۸، — جنوری ۱۹۵۵ء

۴۷۔ کچھ ڈراما نمبر کے بارے میں، ادب لطیف لاہور، — جنوری ۱۹۵۵ء

۴۸۔ لہو اور قالین (تبصرہ)، ادب لطیف، لاہور، — جنوری ۱۹۵۵ء

۴۹۔ مومن اور صاحب جی، روزنامہ آفاق لاہور، — ۱۰ر فروری ۱۹۵۵ء

۵۰۔ غالب اور برسات، روزنامہ آفاق لاہور۔ — ۱۴ر فروری ۱۹۵۵ء

۵۱۔ شیفتہ کی داستان عشق، نگار، مارچ ۱۹۵۵ء اور روزنامہ آفاق لاہور، — ۳۱ر جنوری ۱۹۵۵ء

۵۲۔ شعر اور تشبیہات، ادب لطیف لاہور، — مارچ ۱۹۵۵ء

۵۳۔ ابوسعید ابوالخیر، ثقافت لاہور، — مارچ ۱۹۵۵ء

۵۴۔ عباسی تہذیب میں ہندی عناصر، ثقافت لاہور، — اپریل ۱۹۵۵ء

۵۵۔ مسلمانوں کا تہذیبی ورثہ، روزنامہ آفاق لاہور،	۱۸ / اپریل ۱۹۵۵ء
۵۶۔ نصیر الدین طوسی، ثقافت لاہور،	مئی ۱۹۵۵ء
۵۷۔ افکار غالب، ثقافت، لاہور،	جون ۱۹۵۵ء
۵۸۔ حافظ شیرازی (بزبان انگریزی) مجلۂ اقبال لاہور،	جولائی ۱۹۵۵ء
۵۹۔ عطا ملک جوینی اور تاریخ جہاں کشا جوینی، ثقافت لاہور،	اگست ۱۹۵۵ء
۶۰۔ زوال دولت عباسیہ اور ابن العلقمی، ثقافت لاہور،	ستمبر ۱۹۵۵ء
۶۱۔ خاقانی شیروانی، اقبال لاہور،	اکتوبر ۱۹۵۵ء
۶۲۔ اسماعیلیہ ایران، اقبال لاہور،	نومبر ۱۹۵۵ء
۶۳۔ گنجا فرشتہ، نقوش لاہور، شمارہ نمبر ۴۹۔ ۵۰	
۶۴۔ بول بالا رہے یگانہ کا، روزنامہ آفاق لاہور،	۱۳ / فروری ۱۹۵۶ء
۶۵۔ پردۂ تبسم پنہاں (غالب نام آورم) پندرہ روزہ صادق لاہور،	۲۳ / مارچ ۱۹۵۶ء
۶۶۔ پردۂ تبسم پنہاں (غالب کی اردو غزلیات کی شرح) پندرہ روزہ صادق لاہور،	۶ / اپریل ۱۹۵۶ء
۶۷۔ " " " " " " " "	۲۰ / اپریل ۱۹۵۶ء
۶۸۔ اس رباعی میں (کوئی دیکھے تو دیکھے مری نے نوازی) پندرہ روزہ صادق لاہور،	۲۰ / اپریل ۱۹۵۶ء
۶۹۔ خاقانی شیروانی، اقبال لاہور،	اپریل ۱۹۵۶ء
۷۰۔ شعر اور ابہام، دستور، لاہور،	مئی ۱۹۵۶ء
۷۱۔ مسجد کے زیر سایہ، پندرہ روزہ صادق لاہور،	۴ / مئی ۱۹۵۶ء
۷۲۔ چراغ حسن حسرت، روزنامہ امروز لاہور،	۲۶ / جون ۱۹۵۶ء
۷۳۔ باباطاہر عریاں اور اقبال (بزبان انگریزی) اقبال لاہور،	جولائی ۱۹۵۶ء
۷۴۔ پاکستان اور ثقافتی سرگرمیاں، روزنامہ امروز لاہور،	۴ / اگست ۱۹۵۶ء
۷۵۔ خاقانی شیروانی، اقبال لاہور،	اکتوبر ۱۹۵۶ء
۷۶۔ سرنوشت، گل خنداں لاہور نمبر، لاہور	۱۹۵۷ء
۷۷۔ عبدالرحمان چغتائی، گل خنداں لاہور فنون لطیفہ نمبر،	۱۹۵۷ء

۷۸ ۔ موسیقی اور امیر خسرو، گل خنداں، لاہور، فنون لطیفہ نمبر۔ ۱۹۵۷ء

۷۹ ۔ جدید غزل، گل خنداں، لاہور، غزل نمبر، ۱۹۵۷ء

۸۰ ۔ بابائے صحافت مولانا ظفر علی خاں، ماہ نو، کراچی، جنوری ۱۹۵۷ء

۸۱ ۔ بہزاد کے نگار خانے میں، الحمرا، لاہور۔ اپریل مئی ۱۹۵۷ء

۸۲ ۔ انقلاب کے بعد ادب، ماہ نو کراچی، مئی ۱۹۵۷ء

۸۳ ۔ جلال لکھنوی، روزنامہ امروز لاہور، ۱۲ مئی ۱۹۵۷ء

۸۴ ۔ ادب اور روایت، صحیفہ، سہ ماہی، لاہور، جون ۱۹۵۷ء

۸۵ ۔ اس تمثیل میں، نئی تحریریں، مرتبہ حلقۂ ارباب ذوق لاہور، جلد نمبر ۴

۸۶ ۔ اردو غزل کے علائم و رموز، صحیفہ سہ ماہی، لاہور، شمارہ نمبر ۳، جون ۱۹۵۷ء

۸۷ ۔ قائداعظم کی ذات گرامی اور تخلیق شعر، پندرہ روزہ استقلال، لاہور، یکم جنوری ۱۹۵۸ء

۸۸ ۔ ثقافت کیا ہے؟ پندرہ روزہ استقلال لاہور، ۱۵ جنوری ۱۹۵۸ء

۸۹ ۔ فارسی اور اردو کے باہمی تعلق سے متعلق انٹرویو، پندرہ روزہ استقلال لاہور۔ ۱۵ فروری ۱۹۵۸ء

۹۰ ۔ جمالیات، پندرہ روزہ استقلال، لاہور، یکم مارچ ۱۹۵۸ء

۹۱ ۔ اردو غزل کے علائم و رموز، صحیفہ سہ ماہی، لاہور، شمارہ نمبر ۴، مارچ ۱۹۵۸ء

۹۲ ۔ مسجد قرطبہ، پندرہ روزہ استقلال، لاہور، یکم جون ۱۹۵۸ء

۹۳ ۔ عید الاضحیٰ، پندرہ روزہ استقلال لاہور، یکم جولائی ۱۹۵۸ء

۹۴ ۔ Fresh light on Avicenna، اقبال لاہور، جولائی ۱۹۵۸ء

۹۵ ۔ قیام پاکستان کے بعد کھیل، پندرہ روزہ استقلال لاہور، آزادی نمبر۔ ۱۹۵۸ء

۹۶ ۔ اردو غزل کے علائم و رموز، صحیفہ سہ ماہی، لاہور، شمارہ نمبر ۶۔ ستمبر ۱۹۵۸ء

۹۷ ۔ تعلیم، معلم اور متعلم، پندرہ روزہ استقلال لاہور، اکتوبر ۱۹۵۸ء

۹۸ ۔ عہد خلفائے راشدین کے معاشرتی حالات، ثقافت لاہور، اکتوبر و نومبر ۱۹۵۸ء

۹۹ ۔ اردو غزل کے علائم و رموز صحیفہ سہ ماہی، لاہور، شمارہ نمبر ۷، دسمبر ۱۹۵۸ء

۱۰۰ ۔ ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم، پندرہ روزہ استقلال لاہور، یکم مارچ ۱۹۵۹ء

۱۰۱۔ اردو غزل کے علائم و رموز، صحیفہ سہ ماہی، لاہور، شمارہ نمبر ۸ — مارچ ۱۹۵۹ء

۱۰۲۔ یورش تاتار اور متصوفانہ افکار و اذکار، اقبال لاہور، — اپریل ۱۹۵۹ء

۱۰۳۔ اقبال کا مرد قلندر، پندرہ روزہ استقلال لاہور، اقبال نمبر۔ — ۱۹۵۸ء

۱۰۴۔ طبع حسرت نے اٹھایا ہے ہر استاد سے فیض۔ ہفت روزہ لیل و نہار لاہور۔ — ۱۷ مئی ۱۹۵۹ء

۱۰۵۔ قربانی اور اسوۂ ابراہیمی۔ ہفت روزہ لیل و نہار لاہور۔ — ۱۴ جون ۱۹۵۹ء

۱۰۶۔ سیدنا حسینؓ۔ امام شہید و مظلوم۔ ہفت روزہ لیل و نہار، لاہور، — ۱۲ جولائی ۱۹۵۹ء

۱۰۷۔ سید احمد شاہ پطرس بخاری، پندرہ روزہ استقلال لاہور، — ۱۵ جولائی ۱۹۵۹ء

۱۰۸۔ ثقافتی اور تمدنی احیاء، ہفت روزہ اقدام، لاہور، — ۹ اگست ۱۹۵۹ء

۱۰۹۔ سرسید اور مسلمانوں کا ملی اور ثقافتی احیاء، پندرہ روزہ استقلال لاہور، — ۱۵ اگست ۱۹۵۹ء

۱۱۰۔ سرسید اور مسلمانوں کا ملی اور ثقافتی احیاء، نگار پاکستان، کراچی، — جنوری۔ فروری ۱۹۷۱ء

۱۱۱ عبدالمجید سالک، پندرہ روزہ استقلال لاہور، انقلاب نمبر۔ — ۱۹۵۹ء

۱۱۲۔ سرلی بانسر، پندرہ روزہ استقلال، لاہور، — یکم دسمبر ۱۹۵۹ء

۱۱۳۔ آرٹ کا زوال۔ علامہ اقبال کے تاثرات، روزنامہ ہلال پاکستان، لاہور، — ۲۱ اپریل ۱۹۶۰ء

۱۱۴۔ عہد مغلیہ کی نقاشی، صحیفہ، لاہور، شمارہ نمبر ۱۴۔ — جون ۱۹۶۰ء

۱۱۵۔ ادیب کی سماجی ذمہ داریاں، ماہنامہ استقلال، لاہور، آزادی نمبر — ۱۹۶۰ء

۱۱۶۔ شیخ عبدالقادر کی نثر۔ ماہنامہ استقلال لاہور۔ — اکتوبر ۱۹۶۰ء

۱۱۷۔ خوب اور خوبی، صحیفہ لاہور۔ شمارہ نمبر ۱۵، — اپریل ۱۹۶۱ء

۱۱۸۔ مومن کی ایک مثنوی، استقلال لاہور، — جون ۱۹۶۱ء

۱۱۹۔ ملتانی کافی میں تغزل کی علامات۔ استقلال لاہور، — جنوری ۱۹۶۲ء

۱۲۰۔ چند بڑے ادیب۔ نقوش لاہور، لاہور نمبر، — فروری ۱۹۶۲ء

۱۲۱۔ مصوری اور مصور، نقوش لاہور، لاہور نمبر، — فروری ۱۹۶۲ء

۱۲۲۔ خواجہ فرید کا صوتی شعور، استقلال لاہور، — اپریل ۱۹۶۲ء

۱۲۳۔ کلاسیکی موسیقی، استقلال لاہور، — جولائی ۱۹۶۸ء

۱۲۴۔ جنگ آزادی، روزنامہ جنگ کراچی،	۱۵ اگست ۱۹۶۲ء
۱۲۵۔ یورش تاتار کے تاریخی منابع اور ماخذ، اقبال لاہور،	اکتوبر ۱۹۶۲ء
۱۲۶۔ حفیظ جالندھری کی غزل، استقلال لاہور،	دسمبر ۱۹۶۲ء
۱۲۷۔ پاک و ہند کی کلاسیکی موسیقی کا ثقافتی مزاج اور امیر خسرو، صحیفہ لاہور، شمارہ نمبر ۱۸،	جنوری ۱۹۶۳ء
۱۲۸۔ اگر میراجی باغی ہوتے۔ استقلال لاہور،	فروری ۱۹۶۳ء
۱۲۹۔ یورش تاتار اور سقوط بغداد۔ اقبال لاہور۔	اپریل ۱۹۶۳ء
۱۳۰۔ حالی کی شعری عظمت، استقلال لاہور،	اکتوبر ۱۹۶۳ء
۱۳۱۔ The magic of magic، اقبال لاہور،	جولائی ۱۹۶۵ء
۱۳۲۔ ملی اور لسانی زوال پذیر، اقبال ریویو، کراچی۔	جولائی ۱۹۶۵ء
۱۳۳۔ دولتِ عباسیہ کی تاسیس، اقبال لاہور،	اکتوبر ۱۹۶۵ء
۱۳۴۔ ہماری شعری روایات، مقالات شام ہمدرد	۱۹۶۵-۶۶
۱۳۵۔ موسیقی اور ہماری ثقافت کی ترجمانی، نقوش لاہور، شمارہ نمبر ۱۰۴،	جنوری ۱۹۶۶ء
۱۳۶۔ اقبال کے کلام میں رباعی کی اہمیت، مرتبہ مجلس یادگار اقبال لاہور، مطبوعہ	اپریل ۱۹۶۸ء
۱۳۷۔ عمل چغتائی، ماہنامہ کتاب، لاہور۔	اپریل ۱۹۶۹ء
۱۳۸۔ کچھ غالب کے بارے میں، دبستان لاہور،	جولائی ۱۹۶۹ء
۱۳۹۔ غالب کا ایک شعر، فاران، کالج میگزین اسلامیہ کالج لاہور،	جولائی ۱۹۶۹ء
۱۴۰۔ پاکستان کے تہذیبی سرمائے میں کشمیر کا حصہ، ماہنامہ کتاب، لاہور، کشمیر نمبر،	اکتوبر ۱۹۶۹ء
۱۴۱۔ انداز بیاں، رسالہ یادگار غالب، کراچی	۱۹۶۹ء
۱۴۲۔ حالی کی قدیم غزل، ہفت روزہ حمایت اسلام لاہور،	۱۲ جون ۱۹۷۰ء
۱۴۳۔ ملفوظات (امتیاز علی تاج) صحیفہ لاہور، شمارہ نمبر ۵۳، تاج نمبر،	اکتوبر ۱۹۷۰ء
۱۴۴۔ غنچہ آرزو، دیوان صبا لکھنوی، تخلیق لاہور، جلد نمبر ۱، شمارہ نمبر ۲،	
۱۴۵۔ سید امتیاز علی تاج، تخلیق لاہور، جلد نمبر ۱، شمارہ نمبر ۳ - ۴	
۱۴۶۔ موسیقی میں مسلمانوں کا حصہ، قند، پشاور، موسیقی نمبر، شمارہ نمبر ۴ - ۵	

۱۴۷۔ دہلی میں مرثیہ کا آغاز۔ تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان وہند، جلد ہفتم۔

۱۴۸۔ لکھنؤ میں مرثیہ کا آغاز وارتقاء تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان وہند، جلد ہفتم۔

۱۴۹۔ امیر خسرو، مطبوعہ ہماری موسیقی، ادارہ مطبوعات پاکستان، کراچی۔

۱۵۰۔ اقبال اور عطار، منشورات اقبال مرتبہ بزم اقبال لاہور، سن ندارد۔

۱۵۱۔ MINOR ARTS مشمولہ A history of Muslim Philosophy by M.M.Sharif

غیر مدون افسانے

۱۔ ناکامی کی دنیا، مطبوعہ ہزار داستان، نومبر ۱۹۲۳ء

۲۔ اس کی آخری محبت، مطبوعہ ہزار داستان، نومبر ۱۹۲۳ء

۳۔ فلسفی کی بیوی، مطبوعہ ہزار داستان، اگست ۱۹۲۵ء

۴۔ سوئے اتفاق (دو قسطیں)، مطبوعہ ہزار داستان، دسمبر ۱۹۲۵ء، جنوری ۱۹۲۶ء

۵۔ گناہ کی قربانی، مطبوعہ شمع شبستان، جہانگیر بکڈپو، لاہور، طبع اول ۱۹۲۵ء

۶۔ یلی، مطبوعہ منتخب افسانے، جلد ہشتم، اردو مرکز لاہور

۷۔ محبت کا فیصلہ، مطبوعہ نیرنگ خیال، لاہور، فروری مارچ ۱۹۲۸ء

۸۔ ایک دن، مطبوعہ ادبی دنیا، نومبر ۱۹۲۹ء

۹۔ شجر عشق، مطبوعہ ادبی دنیا، دسمبر ۱۹۲۹ء

۱۰۔ شام، مطبوعہ ادبی دنیا، جنوری ۱۹۳۰ء

۱۱۔ ڈارون کے جدِ امجد اور حضرت انسان کی گفتگو، ادبی دنیا، مئی ۱۹۳۰ء

۱۲۔ ثبوت، ادبی دنیا، جولائی ۱۹۳۰ء

۱۳۔ بیوہ کا لڑکا، چاند، الہ آباد، نومبر دسمبر ۱۹۳۰ء

۱۴۔ نظرت کا انتقام، فردوس، لاہور، نومبر ۱۹۳۲ء

۱۵۔ فریب حسن، نگار، فروری ۱۹۴۹ء، لیکن یہ افسانہ کسی اور رسالے میں طبع ہوا اور اس کے بعد میں نگار میں شامل اشاعت کر لیا گیا، یہ افسانہ ۲۵-۱۹۲۳ء کے دور کا ہے، کیونکہ اس پر

عابد علی عابد بی اے لکھا ہوا ہے ،

۱۶۔ انصاف ، دیال سنگھ کالج میگزین ۔ اکتوبر ۱۹۲۸ء

غیر مدون ماخوذ افسانے

۱۔ ایک خط ، (ماخوذ از جوزف کانوڈ ، ہزار داستان ، جلد نمبر ۷ ، شمارہ نمبر ۳

۲۔ گلیوں کا بانکا ، (ماخوذ از مائیکل آرلن ، جاذب نظر شخصیتیں ، ہزار داستان ، جلد نمبر ۸ شمارہ ۲

۳۔ گناہ عظیم ، (ماخوذ از مائیکل آرلن ، جاذب نظر شخصیتیں ، ہمایوں ، ستمبر ۱۹۲۷ء)

غیر مدون ڈرامے

۱۔ سنیاسی (انگریزی سے ٹیگور کے ڈرامے کا ترجمہ) ادبی دنیا ، جنوری ۱۹۳۰ء

۲۔ مالنی (انگریزی سے ٹیگور کے ڈرامے کا ترجمہ) ادبی دنیا ، فروری ۱۹۳۰ء

۳۔ آدھ گھنٹہ ، ادبی دنیا ، اپریل ۱۹۳۰ء

۴۔ قربانی (انگریزی سے ٹیگور کے ڈرامے کا ترجمہ) ، ادبی دنیا ، مئی ۱۹۳۰ء

۵۔ جرم ، قانون دان اور انصاف ، ادبی دنیا ، جون ۱۹۳۰ء

۶۔ کاچا اور دیوایانی (انگریزی سے ٹیگور کے ڈرامے کا ترجمہ) ادبی دنیا جولائی ۱۹۳۰ء

دیال سنگھ کالج میگزین ، مارچ ۱۹۳۲ء

۷۔ زندگی کی تلاش میں ، ادب لطیف ، ڈرامہ نمبر ، اکتوبر نومبر ۱۹۵۴ء

۸۔

ٹی وی ڈرامے

۱۔ طلسمات (نصف گھنٹے کے دورانیہ کا ڈرامہ) تاریخ نشر ۲۰ اگست ۱۹۶۵ء

۲۔ زنجیر در زنجیر (۹ ۲ منٹ ۳۰ سیکنڈ کے دورانیہ کا ڈرامہ ہے ، تاریخ نشر ۱۵ فروری ۱۹۶۸ء

(یہ ڈرامہ دراصل عابد کے ڈرامے " زندگی کی تلاش " ہی کی نشریاتی صورت ہے ۔)

غیر مدون ریڈیائی ڈرامے / فیچر (جن کے مسودے راقم السطور کے پاس محفوظ ہیں)

۱۔ گوشۂ عافیت (فیچر) ، تاریخ نشر ۲۶ مئی ۱۹۴۶ء ، ۱۸ نومبر ۱۹۵۵ء

۲۔ افرودیتی (یہ فیچر نشر کرنے کی اجازت نہیں دی گئی) تاریخ درج نہیں ۔

۳۔ گلدستہ (بچوں کا پروگرام)، تاریخ نشر	۲۶ اگست ۱۹۵۱ء
۴۔ لاہور کی کہانی، تاریخ نشر	۱۶ جولائی ۱۹۵۲ء
۵۔ فتح اندلس (حصہ چہارم)، تاریخ نشر	۱۰ ستمبر ۱۹۵۲ء
۶۔ بیوی بنام شوہر، تاریخ نشر	۱۸ مئی ۱۹۵۵ء
۷۔ خانگی سیاسیات، تاریخ نشر	۳۱ مئی ۱۹۵۵ء
۸۔ جلوس گل بہ سیر چمن مبارک باد (غنائیہ)، تاریخ نشر	۱۴ اگست ۱۹۵۵ء
۹۔ یورش تاتار، تاریخ نشر	۲۹ ستمبر ۱۹۵۵ء
۱۰۔ رنگِ حنا (غنائیہ)، تاریخ نشر	۱۱ جنوری ۱۹۵۸ء
۱۱۔ زمین پر مریخ والوں کا حملہ۔ تاریخ نشر	۲۲ فروری ۱۹۵۸ء
۱۲۔ وادیٔ قمر کا سفر، تاریخ نشر	۸ مارچ ۱۹۵۸ء
۱۳۔ منگنی ، تاریخ نشر	۱۴ اکتوبر ۱۹۶۱ء
۱۴۔ نابکار و نابکار (پہلی قسط)، تاریخ نشر	۲۰ فروری ۱۹۶۵ء
۱۵۔ گھر میں چیزوں کی بے ترتیبی، تاریخ نشر	۲ مارچ ۱۹۶۵ء
۱۶۔ گاڑی کا سفر، تاریخ نشر	۱۷ مارچ ۱۹۶۵ء
۱۷۔ نابکار و نابکار (دوسری قسط) تاریخ نشر	۱۲ جون ۱۹۶۵ء
۱۸۔ دو آوازیں ، تاریخ نشر ندارد	

ان کے علاوہ ریڈیو اسٹیشن لاہور کے ایک رجسٹر (جس میں رائلٹی وغیرہ کا اندراج ہوتا ہے) سے نشر ہونے والے ڈراموں اور فیچروں کے نام ملے ہیں۔ مگر ان کے مسودے دستیاب نہیں ہوئے۔

نام ڈرامہ/فیچر	تاریخ نشر
۱۔ برکھا رت	۲۹ اگست ۱۹۴۰ء
۲۔ ایک دو تین	۲۳ مارچ ۱۹۴۱ء
۳۔ اک لعل بکاؤ ہے	۴ اپریل ۱۹۴۱ء
۴۔ غالب کی محفل	۱۶ فروری ۱۹۴۳ء

۵۔ چھان پھٹک	۲۰ جولائی ۱۹۴۶ء
۶۔ من قاش فروش دل صد پارۂ خویشم	۲۰ جون ۱۹۴۷ء
۷۔ بغداد	۱۳ اپریل ۱۹۴۹ء
۸۔ رعنا	۵ دسمبر ۱۹۵۰ء
۹۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناں	۲۰ جون ۱۹۵۱ء
۱۰۔ لاہور کا شاہی قلعہ نمبر ۱	۱۶ فروری ۱۹۵۲ء
۱۱۔ لاہور کا شاہی قلعہ نمبر ۲	۲۳ مارچ ۱۹۵۲ء
۱۲۔ لاہور کی کہانی ۔ لاہور کے بازار	۱۹ جولائی ۱۹۵۲ء
۱۳۔ فتح اندلس نمبر ۱	۲۳ جولائی ۱۹۵۲ء
۱۴۔ فتح اندلس نمبر ۲	۱۳ اگست ۱۹۵۲ء
۱۵۔ فتح اندلس نمبر ۳	۲۷ اگست ۱۹۵۲ء
۱۶۔ لاہور کے باغات	۲۰ ستمبر ۱۹۵۲ء
۱۷۔ مرقع	۲۶ اپریل ۱۹۵۳ء
۱۸۔ تصادم	۴ دسمبر ۱۹۵۴ء
۱۹۔ ہڑپہ	۹ دسمبر ۱۹۵۴ء
۲۰۔ حقیقت ابدی ہے مقام شبیری	۲۷ اگست ۱۹۵۵ء
۲۱۔ تاج در نذیر مہتاب ہے نگر	۲ جنوری ۱۹۵۶ء
۲۲۔ جب یونان مرا	۲۳ جون ۱۹۵۶ء
۲۳۔ چشمکیں نمبر ۱ ۔ میر تقی میر لکھنو میں	۹ اکتوبر ۱۹۵۶ء
۲۴۔ چشمکیں نمبر ۲ ، معرکہ آتش و ناسخ	۳ دسمبر ۱۹۵۶ء
۲۵۔ شاہ خاقان (سفوکلیس کے کھیل ایڈی پس کی تلخیص)	۳ جنوری ۱۹۵۷ء
۲۶۔ جاوید نامہ (غنائیہ)	یکم فروری ۱۹۵۷ء
۲۷۔ طوفان نوح	۲ فروری ۱۹۵۷ء

٢٨۔ چشکیں نمبر ٣ معرکہ انیس و دبیر	٢٦ فروری ١٩٥٧ء
٢٩۔ شمع آخر۔ قلعہ معلیٰ کی ایک جھلک	١٠ مئی ١٩٥٧ء
٣٠۔ داستان و تمثیل طلسم ہوشربا	١٨ جون ١٩٥٧ء
٣١۔ کارزار شہادت	٥ اگست ١٩٥٧ء
٣٢۔ وقت کا مسافر	٨ فروری ١٩٥٨ء
٣٣۔ بڑے گھر کی بیٹی (سلسلہ نمبر ٧٣٤)	٩ اپریل ١٩٦٤ء
٣٤۔ ذوالقرنین (سلسلہ نمبر ٢٠٩)	١٦ اپریل ١٩٦٤ء
٣٥۔ یادگار زمانہ ہیں یہ لوگ (انشاء)	٢٠ مئی ١٩٦٩ء
٣٦۔ کاش کہ پرے ہوتا.....	٧ جون ١٩٦٩ء
٣٧۔ کاش کہ پرے ہوتا......	٥ جولائی ١٩٦٩ء
٣٨۔ صحرا	تاریخ نشر ندارد
٣٩۔ لاہور	" " "
٤٠۔ میر حسن	" " "
٤١۔ لاہور کے تاریخی کھنڈر	" " "
٤٢۔ جہلم	" " "
٤٣۔ نمبرا عیدیاں، نمبر ٢ عید آزاداں	" " "
٤٤۔ داستانِ حرم	" " "
٤٥۔ سو ہے وہ بھی آدمی	" " "

غیر مطبوعہ / غیر مدون کلام

١۔ غیر مطبوعہ غزلیں ٥ ہیں، جن کے اشعار کی تعداد ٣٦ ہے۔

٢۔ غیر مدون غزلیں ٨٢ ہیں، جن کے اشعار کی تعداد ٥٨٦ ہے۔

نظمیں

٢۔ غیر مطبوعہ نظموں کی تعداد سات ہے۔

۴۔ غیر مدون نظموں کی تعداد ۴۴ ہے (جو متفرق ادبی رسائل میں شائع ہوتی رہیں زیادہ تر کلام ۱۹۴۰ء سے پہلے کے دور کا ہے۔)

رباعیات

۵۔ غیر مدون رباعیات کی تعداد ۲۶ ہے۔

۶۔ غیر مطبوعہ رباعی صرف ایک ہے۔

غیر مدون تقاریر / لیکچر / انٹرویو

الف) عابد کی ریڈیائی تقریروں کے ۱۹ مسودے مجھے ملے ہیں، جن میں سے ادبی موضوعات سے متعلق تقاریر حسب ذیل ہیں۔

	تاریخ نشر
۱۔ پاکستان میں فنون لطیفہ کا مستقبل	۱۲ر فروری ۱۹۵۰ء
۲۔ سیلانی کا سفر (اس میں لاہور کی ادبی و ثقافتی زندگی کو شگفتہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔)	۱۵ر فروری ۱۹۵۱ء
۳۔ جنگ آزادی کا اثر ادب پر	۲۴ر مئی ۱۹۵۳ء
۴۔ لاہور کی شخصیتیں (تاثیر اور تاجور نجیب آبادی)	۱۴ر مارچ ۱۹۵۵ء ۲۳ر " ۱۹۵۵ء
۵۔ ہماری علمی اور ادبی ترقی میں تراجم بہت اہمیت رکھتے ہیں۔	۲۰ر اکتوبر ۱۹۵۶ء
۶۔ مرثیہ - ایک صنف ادب	۱۴ر جولائی ۱۹۵۷ء
۷۔ آج کے ادب میں مقامی رنگ	۱۸ر ستمبر ۱۹۶۳ء
۸۔ تنقید کے نئے مسلک	۲۸ر اپریل ۱۹۶۴ء
۹۔ مولانا حالی بحیثیت سوانح نگار	۳۱ر دسمبر ۱۹۶۵ء
۱۰۔ سخن فہمی	۳۱ر اکتوبر ۱۹۶۶ء

ب) عابد کی ایک گفتگو کرنل محمد خاں نے اپنے گھر پر (راولپنڈی میں) ریکارڈ کی تھی جس کا موضوع سخن فہمی اور حسن ہے۔ اس ملاقات کی تاریخ انہیں یاد نہیں البتہ یہ عابد کی زندگی کے آخری دور (۱۹۶۸ - ۶۹ء) کی بات ہے۔

ج) عابد کے ایم۔ اے فارسی کے کلاس لیکچر ۴۳ - ۱۹۴۴ء کے انگریزی زبان میں (ٹائپ شدہ) ڈاکٹر وحید قریشی کے

پاس محفوظ ہیں، تفصیل یہ ہے۔

۱۔ مطلع انوار خسرو۔ پہلے خاکہ ہے اور اس کے مطابق نکات کی وضاحت ہے، پانچ صفحے انگریزی میں اور چار فارسی میں ہیں۔

۲۔ بابا طاہر عریاں۔ اس میں کتابیات اور رباعی کے ارتقاء پر مباحث بھی ہیں۔ ڈیڑھ صفحے کے توضیحی نوٹ ڈاکٹر وحید قریشی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہیں جو عابد نے ہی لکھوائے تھے۔

۳۔ سکندر نامہ۔ اس میں مثنوی کے ارتقاء پر بحث ہے۔ فردوسی اور نظامی کا موازنہ کیا گیا ہے۔ یہ لیکچر چھ صفحات کا ہے اور مزید دو صفحے فارسی میں ڈاکٹر وحید قریشی کے ہاتھ سے لکھے ہوئے ہیں جو عابد نے لکھوائے تھے۔

۴۔ قصائد عرفی۔ یہ لیکچر چار صفحات کا ہے اور آخر میں ڈاکٹر وحید قریشی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے توضیحی نکات ہیں جو عابد ہی نے لکھوائے تھے۔

۵۔ فرخی سیستانی۔ قصیدہ کے فن، ارتقاء اور فرخی کی قصیدہ گوئی پر چار صفحوں کا لیکچر ہے۔

۶۔ غزل۔ یہ لیکچر چھ صفحے پر مشتمل ہے۔ غزل کی تعریف اور فارسی غزل پر مختصر مگر جامع لیکچر ہے۔ اس لیکچر میں عابد نے شمس قیس رازی کے خیالات کی توضیح کی ہے۔ مزید یہ کہ مختلف دبستانوں کا عہد بہ عہد تذکرہ اور تعارف ہے۔

۷۔ نظیری۔ چھ صفحات کا لیکچر ہے۔ اس کے علاوہ ڈیڑھ صفحے کے توضیحی نوٹس بھی ہیں۔

۸۔ سبک ہندی۔ عابد کی ڈائری کے کچھ اوراق ملے ہیں جن پر سبک ہندی سے متعلق آٹھ صفحات کے نوٹس ہیں۔

غیر مدون تبصرے/اداریے/کالم

عابد نے "صحیفہ" میں جمع متکلم کے عنوان سے اداریے تحریر کیے ان میں سے اکثر اس لائق ہیں کہ ان کا انتخاب مرتب کیا جائے۔

"صحیفہ" میں "تعصبات" کے عنوان سے انہوں نے علم و ادب کی کتابوں پر تبصرے کیے، اس کتابچے کے لیے ان تمام کتب کا اشاریہ مرتب کرنا غیر ضروری ہوگا۔ البتہ منتخب تبصروں کو الگ سے چھاپنا ضروری ہے۔

عابد نے "ہفت روزہ" لیل و نہار" میں بوئے گل نالۂ دل کے عنوان سے کالم لکھے۔ انہیں امین ہاشمی نے

مرتب بھی کیا بلکہ بعض کام کتابت شدہ بھی ہیں لیکن ابھی تک وہ شائع نہیں ہو سکے ۔

سید عابد علی عابد سے متعلق تحقیقی کام برائے ایم اے ۔ پی ایچ ۔ ڈی

برائے ایم ۔ اے (اردو)

سید عابد علی عابد از زاہدہ ممتاز نگران ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا

مقالہ برائے ایم اے اردو، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۱۹۶۸ء (غیر مطبوعہ)

برائے پی ۔ ایچ ۔ ڈی (اردو)

سید عابد علی عابد ۔ شخصیت اور فن از عبدالرؤف نگران ڈاکٹر سلیم اختر

برائے پی ایچ ڈی (اردو)، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان ۱۹۸۴ء (غیر مطبوعہ)

پہلا باب	احوال و آثار
دوسرا باب	عابد کا عہد ۔ ادبی پس منظر
تیسرا باب	شاعری
چوتھا باب	انتقاد
پانچواں باب	عابد بطور اقبال شناس
چھٹا باب	معاصر تنقید میں عابد کا مقام
ساتواں باب	ناول، افسانہ، ڈرامہ، فیچر
آٹھواں باب	تراجم
نواں باب	ادبی مقام اور مرتبہ

ضمیمے

۱۔ عابد بطور مقدمہ نگار اور تبصرہ نگار

۲۔ بوئے گل نالۂ دل (کالم نویسی)

۳۔ فارسی ادبیات سے متعلق مضامین اور لیکچر

۴۔ فنون لطیفہ (موسیقی اور مصوری) سے متعلق مضامین

۵۔ عابد اور پاکستانیات

۶۔ عابد کے لسانی مباحث

۷۔ تاریخ، مذہب، تاریخ ادب اردو سے متعلق مضامین اور آپ بیتی کے چند اوراق

۸۔ نصابی اور درسی کتب کی تدوین

۹۔ غیر مدون اور غیر مطبوعہ کلام کا اشاریہ

۱۰۔ رد کردہ کلام کا اشاریہ

۱۱۔ غیر مطبوعہ غزلیات۔ منظومات۔ مسودے کے چند اوراق

۱۲۔ عابد کی موعودہ تصانیف

غیر مطبوعہ مقالات جن میں عابد کا ذکر ہے

۱۔ "اردو ڈرامہ تقسیم کے بعد" از جیون سلطان، مقالہ ایم۔ اے اردو، پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور

۲۔ "اردو ویک بابی ڈرامہ" از رشید احمد گوریجہ ، " " " " " "

۳ " اردو غزل ۱۹۴۷ء کے بعد" از خالدہ اصغر " " " " " "

۴۔ "اردو شاعری میں لاہور کا حصہ" از گوہر نوشاہی " " " " " "

رسائل کے عابد نمبر

۱۔ صحیفہ، عابد نمبر، شمارہ نمبر ۵۶، جولائی ۱۹۷۱ء۔ مدیر ڈاکٹر وحید قریشی

۲۔ تخلیق، عابد نمبر، شمارہ ۳۔۴، مدیر اظہر جاوید

عابد پر مطبوعہ مضامین

۱۔ سید عابد علی عابد از طاہر رضوی، روزنامہ مشرق لاہور، ۲۰ جنوری ۱۹۸۲ء

۲۔ سید عابد علی عابد از اقبال اسد، روزنامہ امروز لاہور، ہفت روزہ اشاعت خاص، ۱۵ جنوری ۱۹۸۲ء

۳۔ سید عابد علی عابد سے تعلق خاطر از مظہر جمیل خان، کالج میگزین ۷۲-۱۹۷۱ء گورنمنٹ کالج جوہر آباد

۴۔ سید عابد علی عابد۔ انٹرویو، رسالہ ہفت روزہ نصرت لاہور، ۱۹ جون ۱۹۶۰ء

۵۔ یادیں از رحمان مذنب، سیارہ ڈائجسٹ لاہور، جولائی ۱۹۸۱ء

۶۔ کھوئے ہوؤں کی جستجو از شہرت بخاری، سیپ کراچی، شمارہ نمبر ۴۰

۷۔ عابد علی عابد از نثار طاہر، ماہنامہ کتاب لاہور، فروری ۱۹۷۱ء

۸۔ سیّد عابد علی عابد۔ مذاکرہ، روزنامہ جنگ لاہور، ۲۳ مئی ۱۹۸۴ء

۹۔ اقبال پر ایک نئی کتاب۔ تبصرہ بر شعر اقبال، از میرزا ادیب، ادب لطیف، لاہور ستمبر ۱۹۵۹ء

۱۰۔ تلمیحات اقبال پر تبصرہ از شورش کاشمیری، ہفت روزہ چٹان لاہور، ۱۹ ستمبر ۱۹۶۰ء

۱۱۔ عابد علی عابد کی انتقاد، مطبوعہ آرگس، جلد نمبر ۱ و شمارہ نمبر ۱۔ ۲ و شمارہ نمبر ۳۔۴

۱۲۔ ہماری تاریخ نشریات کا ایک باب۔ سید عابد علی عابد۔ اِک روشن دماغ تھا نہ رہا

از عشرت رحمانی، روزنامہ امروز لاہور ۲۱ جنوری ۱۹۷۱ء

۱۳۔ انتقاد۔ تنقید و تبصرہ از ڈاکٹر شوکت سبزواری، قومی زبان کراچی، ۱۶ دسمبر ۱۹۵۷ء

۱۴۔ سید عابد علی عابد۔ شخصیت اور فن، از مظفر حسن ملک، صحیفہ لاہور، شمارہ اپریل جون ۱۹۸۴ء

۱۵۔ سرنوشت (آپ بیتی) از عابد علی عابد، مطبوعہ گل خنداں، لاہور نمبر، ۱۹۵۷ء

۱۶۔ میری ڈائری۔ اِک چراغ اور بجھا اور بڑھی تاریکی از احسان بی۔ اے

روزنامہ امروز لاہور، ۲۳ جنوری ۱۹۷۱ء

۱۷۔ اٹھ جانا اک ہمہ گیر شخصیت کا، کچھ عابد علی عابد کے بارے میں، لاہور نامہ۔

از انتظار حسین، روزنامہ مشرق لاہور، ۲۳ جون ۱۹۷۱ء

۱۸۔ سیّد عابد علی عابد از شمیم احمد، قومی زبان کراچی، مارچ ۱۹۷۱ء

۱۹۔ سیّد عابد علی عابد از شیخ محمد اسماعیل پانی پتی، سیارہ ڈائجسٹ، مارچ ۱۹۷۱ء

غیر مطبوعہ مضمون

۱۔ "اصول انتقاد ادبیات۔ ایک تنقیدی جائزہ" از جابر علی سیّد

ادبی کتب (تاریخ و تنقید) اور سوانحی خاکوں پر مشتمل کتابوں میں عابد کا حوالہ

۱۔ صاحب از محمد طفیل، ادارہ فروغ اردو، لاہور، بار دوم، ۱۹۶۴ء

۲۔ تذکرہ شعرائے پنجاب (عصر حاضر) مرتبہ ملک محمد باقر نسیم رضوانی، گجرات، طبع اول ۱۹۳۷ء

۳۔ جدید شعرائے اردو (متاخرین) مرتبہ فیروز سنز لاہور ۱۹۶۷ء

۴۔ اس نظم میں، مرتبہ میراجی، ساقی بکڈپو، علی پریس دہلی، طبع اول، سن ندارد

۵۔ تاریخ ادب اردو از رام بابو سکسینہ مترجمہ محمد عسکری، نیشنل بک لاہور، سن ندارد

۶- تذکرہ معاصرین از مالک رام، مکتبہ جامعہ نئی دہلی، ۱۹۷۲ء

۷- ہمارا پنجاب، مرتبہ شیخ عنایت اللہ، اقبال اینڈ کمپنی، اردو بازار لاہور، سن ندارد

۸- اردو انسائیکلوپیڈیا مرتبہ فیروز سنز لاہور، سن ندارد

۹- شعرائے متغزلین مرتبہ محمد اسماعیل پانی پتی، ادارہ فروغ اردو لاہور، ۱۹۵۳ء

۱۰- اردو ادب ۱۸۵۷ء تا ۱۹۶۶ء از ڈاکٹر سید عبداللہ، مکتبہ خیابان ادب لاہور، سن ندارد

۱۱- اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ از ڈاکٹر سلیم اختر، مکتبہ عالیہ لاہور، ۱۹۷۵ء

۱۲- ادب اور کلچر از ڈاکٹر سلیم اختر، سنگِ میل پبلی کیشنز لاہور، سن ندارد

۱۳- تذکرہ شعرائے اردو مرتبہ اصغر حسین نظیر لدھیانوی، لاہور ۱۹۵۳ء

۱۴- تاریخ ادب اردو از ڈاکٹر ملک حسن اختر، یونیورسٹی بک ایجنسی لاہور، ۱۹۷۹ء

۱۵- میری بہترین نظم مرتبہ محمد حسن عسکری، کتابستان الہ آباد، ۱۹۴۲ء

۱۶- سخن ور (تذکرہ شعرائے پاکستان) از سلطان مہر، ادارہ التحریر کراچی، ۱۹۸۰ء

۱۷- وے صورتیں الٰہی از ڈاکٹر عبدالسلام خورشید، قومی کتب خانہ لاہور، ۱۹۷۶ء

۱۸- حلقہ ارباب ذوق از یونس جاوید، مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۸۵ء

۱۹- غزل اور مطالعۂ غزل، از ڈاکٹر عبادت بریلوی، انجمن ترقی اردو کراچی، طبع اول ۱۹۵۵ء

۲۰- اردو ناول نگاری از ڈاکٹر سہیل بخاری، مکتبہ میری لائبریری لاہور، ۱۹۶۶ء

۲۱- اقبالی مجرم از شورش کاشمیری، لاہور، طبع اول، ۱۹۷۴ء

۲۲- مقالات شامِ ہمدرد، مرتبہ حکیم سعید، ہمدرد اکیڈمی کراچی، ۱۹۸۱ء

۲۳- اقبال بحیثیت شاعر، مرتبہ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۷۷ء

۲۴- اردو ادب کے اٹھ سال از عشرت رحمانی، کتاب منزل کشمیر بازار لاہور

۲۵- اردو ڈراما کا ارتقاء از عشرت رحمانی، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ۱۹۶۸ء

۲۶- انداز نظر از فتح محمد ملک، التحریر لاہور، ۱۹۸۰ء

۲۷- اردو غزل کا خارجی روپ از منظور حسین خواجہ، مکتبہ کاروان لاہور، ۱۹۸۱ء

۲۸- اردو شاعری کا مزاج از ڈاکٹر وزیر آغا، مکتبہ عالیہ لاہور، ۱۹۷۸ء

۲۹۔ نئے مقالات از ڈاکٹر وزیر آغا، مکتبہ اردو زبان سرگودہا، ۱۹۷۲ء
۳۰۔ ادبی تحریکیں از ڈاکٹر انور سدید، انجمن ترقی اردو کراچی، ۱۹۸۵ء
۳۱۔ سرگذشت از عبدالمجید سالک، قومی کتب خانہ لاہور، ۱۹۶۶ء
۳۲۔ روح بیدل از ڈاکٹر عبدالغنی، مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۶۸ء

مآخذ

کتب

۱۔ تذکرہ معاصرین از مالک رام، مکتبہ جامعہ نئی دہلی، ۱۹۷۲ء
۲۔ جدید شعرائے اردو (متاخرین)، مرتبہ فیروز سنز لاہور، ۱۹۶۹ء
۳۔ شعرائے متغزلین مرتبہ محمد اسماعیل پانی پتی، ادارہ فروغ اردو، لاہور، ۱۹۵۳ء
۴۔ مقالات شام ہمدرد، مرتبہ حکیم سعید، ہمدرد اکیڈمی کراچی، ۱۹۸۱ء
۵۔ اردو انسائیکلو پیڈیا مرتبہ فیروز سنز لاہور
۶۔ اس نظم میں مرتبہ میراجی، ساقی بک ڈپو، علی پریس دہلی، طبع اول
۷۔ تذکرہ شعرائے پنجاب (عصر حاضر) مرتبہ ملک محمد باقی نسیم رضوانی، گجرات، طبع اول ۱۹۳۷ء
۸۔ میری بہترین نظم مرتبہ محمد حسن عسکری، کتابستان الہ آباد دہلی
۹۔ سرگذشت از عبدالمجید سالک، قومی کتب خانہ لاہور، ۱۹۶۶ء
۱۰۔ سید عابد علی عابد از زاہدہ ممتاز، مقالہ ایم۔اے اردو، پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور
۱۱۔ سید عابد علی عابد۔ شخصیت اور فن از عبدالرؤف، مقالہ برائے پی ایچ ڈی اردو
بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، ۱۹۸۴ء (غیر مطبوعہ)

رسائل

۱۔ گل خنداں، لاہور نمبر ۱۹۵۷ء، مرتبہ عابد، مکتبہ گل خنداں لاہور
۲۔ صحیفہ، عابد نمبر، جولائی ۱۹۷۱ء، لاہور
۳۔ تخلیق، عابد نمبر، جلد نمبر ۱، شمارہ نمبر ۳-۴
۴۔ ادبی دنیا کے فائل ۱۹۲۹ء سے ۱۹۳۳ء تک

۵۔ شباب اردو، لاہور، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست ۱۹۲۲ء

۶۔ ہزار داستان، لاہور، شمارے ستمبر، اکتوبر ۱۹۲۲ء، نومبر ۱۹۲۳ء، اگست، ستمبر، دسمبر ۱۹۲۵ء

۷۔ سیارہ ڈائجسٹ، لاہور، مارچ ۱۹۷۱ء، جولائی ۱۹۸۱ء

۸۔ سیپ، کراچی، شمارہ نمبر ۴۰

۹۔ دیال سنگھ کالج میگزین، شمارے اکتوبر ۱۹۳۰ء، تا ۱۹۴۳ء

ریکارڈ

۱۔ مجلس ترقی ادب ۱۹۵۴ء تا ۱۹۷۱ء

۲۔ دیال سنگھ کالج لاہور، ۱۹۳۰ء تا ۱۹۵۴ء

۳۔ متروکہ وقف املاک بورڈ، لاہور

۴۔ ریڈیو پاکستان لاہور

۵۔ پنجاب یونیورسٹی کیلنڈر ۱۹۲۳ء تا ۱۹۴۵ء

۶۔ پنجاب گزٹ، ۱۹۱۸ء تا ۱۹۲۶ء

۷۔ میونسپل کارپوریشن، لاہور (رجسٹر پیدائش)

سید عابد علی عابد